اس کے پڑھنے والے کی آنکھیں ٹھنڈی ہوئیں میں نے اس سے کہا

لَقَدْ ظَفِرْتَ بِحَبْلِ اللّٰهِ فَاعْتَصِمِ

کہ تو بڑا نصیبہ والا ہے خوب مضبوط رہ ان پر ان میں چنگل مار

اِنْ تَتْلُهَا خِيْفَةً مِّنْ حَرِّ نَارِ لَظٰى

اگر تونے وہ آیتیں پڑھیں آتش دوزخ کے خوف سے

اَطْفَأْتَ حَرَّ لَظٰى مِنْ وِّرْدِهَا الشَّبِمِ

تو تونے وہ آگ بجھادی ان آیات کے سرد پانی سے

كَأَنَّهَا الْحَوْضُ تَبْيَضُّ الْوُجُوْهُ بِهٖ

گویا وہ آیات کریمہ حوض کوثر ہیں جس سے منہ سفید ہوتے ہیں

مِنَ الْعُصَاةِ وَقَدْ جَاءُوْهُ كَالْحُمَمِ

گنہگاروں کے جو ہوں گے کالے مانند کوئلوں کے

وَكَالصِّرَاطِ وَكَالْمِيزَانِ مَعْدِلَةً
اور عدل میں جیسے صراط اور میزان ہیں کہ ان کے سوا

فَالْقِسْطُ مِنْ غَيْرِهَا فِي النَّاسِ لَمْ يَقُمِ
لوگوں کے واسطے عدل قائم نہیں ہو سکتا ہے

لَا تَعْجَبَنْ لِحَسُودٍ رَاحَ يُنْكِرُهَا
تعجب نہ کر اگر حاسد انکار کرے

تَجَاهُلًا وَهُوَ عَيْنُ الْحَاذِقِ الْفَهِمِ
جان بوجھ کر کہ وہ خوب زیرک ہے اور سمجھا ہوا ہے

قَدْ تُنْكِرُ الْعَيْنُ ضَوْءَ الشَّمْسِ مِنْ رَمَدٍ
کیونکہ آنکھ انکار کرتی ہے آفتاب کا بسبب مرض رمد کے

وَيُنْكِرُ الْفَمُ طَعْمَ الْمَاءِ مِنْ سَقَمِ
اور منہ پانی کے مزے کا انکار کرتا ہے بیماری کے سبب سے

اَلْفَصْلُ السَّابِعُ فِي ذِكْرِ
فصل ساتویں بیان میں

مِعْرَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
معراج نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے

يَا خَيْرَ مَنْ يَمَّمَ الْعَافُونَ سَاحَتَهُ
اے بہتر ان میں سے جن کی فضا کا لوگ احسان طلب کرتے ہیں

سَعْيًا وَفَوْقَ مُتُونِ الْأَيْنُقِ الرُّسُمِ
دوڑتے آتے ہیں پیادے اور سوار اونٹوں پر پے در پے

وَمَنْ هُوَ الْاٰيَةُ الْكُبْرٰى لِمُعْتَبِرٍ

اور وہ ذاتِ مبارک آیت کبریٰ ہے عبرت والے کے واسطے

وَمَنْ هُوَ النِّعْمَةُ الْعُظْمٰى لِمُغْتَنِمِ

اور وہی ہے نعمت عظمےٰ غنیمت گننے والے کو

سَرَيْتَ مِنْ حَرَمٍ لَيْلًا اِلٰى حَرَمٍ

سیر فرمائی آپ نے ایک شب میں حرم مکہ سے بیت المقدس کے حرم تک

كَمَا سَرَى الْبَدْرُ فِيْ دَاجٍ مِّنَ الظُّلَمِ

جیسے چودھویں رات کا چاند چلے اندھیری رات میں

وَبِتَّ تَرْقٰى اِلٰى اَنْ نِّلْتَ مَنْزِلَةً

اور ترقی کرتے گئے یہاں تک کہ پہنچے قاب قوسین کے

مِّنْ قَابَ قَوْسَيْنِ لَمْ تُدْرَكْ وَلَمْ تُرَمِ

رتبہ کو جو نہ ادراک کیا جاتا ہے اور نہ طلب کیا جاتا ہے

وَقَدَّمَتْكَ جَمِيْعُ الْاَنْبِيَاءِ بِهَا

اور اس رتبہ کے سبب سب انبیاء و مرسلین نے آپ کو مقدم کیا

وَالرُّسُلِ تَقْدِيْمَ مَخْدُوْمٍ عَلٰى خَدَمِ

جیسے خادم اپنے مخدوم کو مقدم کرتے ہیں

وَاَنْتَ تَخْتَرِقُ السَّبْعَ الطِّبَاقَ بِهِمْ

اور آپ شگاف کرتے چلے گئے ساتوں طبق آسمان کے

فِيْ مَوْكِبٍ كُنْتَ فِيْهِ صَاحِبَ الْعَلَمِ

اس طرح ان میں جیسے ایک لشکر کہ اس کے صاحب نشان آپ ہیں

حَتّٰى اِذَا لَمْ تَدَعْ شَأْوًا لِّمُسْتَبِقٍ

یہاں تک کہ باقی نہ رکھا پیش جانا کسی آگے جانے والے کا

مِنَ الدُّنُوِّ وَلَا مَرْقًى لِّمُسْتَنِمِ

نزدیکی میں اور نہ بالا جانے والے کے لئے بالا جانا

خَفَضْتَ كُلَّ مَقَامٍ بِالْاِضَافَةِ اِذْ

ہر مکان کو آپ نے پست کیا جیسے اضافت سے زیر ہوتا ہے اس لئے کہ

نُوْدِيْتَ بِالرَّفْعِ مِثْلَ الْمُفْرَدِ الْعَلَمِ

آپ بلائے گئے بلندی پر جیسے منادی مفرد علم رفع سے پڑھا جاتا ہے

كَيْمَا تَفُوْزَ بِوَصْلٍ اَيِّ مُسْتَتِرٍ

یہاں تک کہ بہرہ ور ہوئے ایسے وصال سے جو کمال پوشیدہ ہے آنکھوں سے

عَنِ الْعُيُوْنِ وَسِرٍّ اَيِّ مُكْتَتَمِ

اور ایسے راز سے جو نہایت پوشیدہ ہے

فَحُزْتَ كُلَّ فَخَارٍ غَيْرَ مُشْتَرَكٍ

پس حاصل ہوئے آپ کو سب ایسے فخر جو باعث فخر ہیں اور کوئی ان میں شریک نہیں

وَجُزْتَ كُلَّ مَقَامٍ غَيْرَ مُزْدَحَمِ

اور گزرے آپ ہر مقام میں کہ وہاں کوئی اور نہ تھا

وَجَلَّ مِقْدَارُ مَا وُلِّيْتَ مِنْ رُتَبٍ

اور بہت ہیں بزرگی میں وہ رتبے جو آپ کو دئے گئے

وَعَزَّ اِدْرَاكُ مَا اُوْلِيْتَ مِنْ نِّعَمِ

اور کسی کے ادراک میں نہ آئیں وہ نعمتیں جو آپ کو عطاء ہوئیں

بُشْرٰی لَنَا مَعْشَرَ الْاِسْلَامِ اِنَّ لَنَا

اے گروہ اسلام ہم کو بہت بشارت ہے کہ ہمارے واسطے

مِنَ الْعِنَایَۃِ رُکْنًا غَیْرَ مُنْهَدِمِ

ایسا رکن عنایت ہوا ہے جو نہ کبھی خراب ہو اور نہ گرے

لَمَّا دَعَی اللّٰهُ دَاعِیْنَا لِطَاعَتِهٖ

جب بلایا اللہ نے ہمارے بلانے والے کو اپنی عبادت کو

بِاَکْرَمِ الرُّسُلِ کُنَّا اَکْرَمَ الْاُمَمِ

بزرگ ترین پیغمبر والا کا کیا ان کو اور ہم بزرگ ترین امتوں کے ہوئے

اَلْفَصْلُ الثَّامِنُ فِیْ ذِکْرِ

فصل آٹھویں بیان میں

جِهَادِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

جہاد کرنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے

رَاعَتْ قُلُوْبُ الْعِدٰی اَنْبَاءُ بِعْثَتِهٖ

دشمنوں کے دل ڈرا دئے ان کے نبی ہونے کی خبر نے

کَنَبْاَۃٍ اَجْفَلَتْ غُفْلًا مِّنَ الْغَنَمِ

جیسے ایک بکری غافل ڈر جاتی ہے اور بھاگتی ہے بکریوں سے

مَا زَالَ یَلْقَاهُمْ فِیْ کُلِّ مُعْتَرَكٍ

آپ ہمیشہ جہاد کرتے رہے کافروں سے ہر معرکہ میں یہاں تک کہ

حَتّٰی حَکَوْا بِالْقَنَا لَحْمًا عَلٰی وَضَمِ

کافر نیزوں پر یوں معلوم ہوتے تھے جیسے گوشت لٹکایا جاتا ہے نیزے پر

وَدُّوا الْفِرَارَ فَكَادُوْا يَغْبِطُوْنَ بِهٖ

بھاگنا دوست رکھتے تھے اور قریب تھا کہ رشک کریں اُن پر

أَشْلَاءَ شَالَتْ مَعَ الْعِقْبَانِ وَالرَّخَمِ

جن کے گوشت عقاب اور پرندے اُڑا لے گئے

تَمْضِى اللَّيَالِىْ وَلَا يَدْرُوْنَ عِدَّتَهَا

راتیں گذرتی تھیں اور کافر نہ جانتے تھے ان کے شمار

مَا لَمْ تَكُنْ مِّنْ لَّيَالِى الْأَشْهُرِ الْحُرُمِ

جب تک راتیں ان مہینوں کی نہ ہوتیں جن میں لڑائی حرام ہے

كَأَنَّمَا الدِّيْنُ ضَيْفٌ حَلَّ سَاحَتَهُمْ

گویا دین اسلام ان کے گھروں میں ایسا مہمان آیا ہے

بِكُلِّ قَرْمٍ إِلٰى لَحْمِ الْعِدٰى قَرِمِ

ہر سردار پر کہ دشمنوں کے گوشت کھانے پر بہت حریص ہے

يَجُرُّ بَحْرَ خَمِيْسٍ فَوْقَ سَابِحَةٍ

دریائے جنگ جو خوش رفتار گھوڑوں پر ہے ان کو کھینچتا ہے اور

تَرْمِىْ بِمَوْجٍ مِّنَ الْأَبْطَالِ مُلْتَطِمِ

بہادروں کی موج کو پھینکتا ہے تھپیڑیں لگاتا ہوا

مِنْ كُلِّ مُنْتَدِبٍ لِّلّٰهِ مُحْتَسِبٍ

ہر اجابت کرنے والا اللہ سے امید رکھنے والا ہے

يَسْطُوْا بِمُسْتَاْصِلٍ لِّلْكُفْرِ مُصْطَلِمِ

حملہ کرتا ہے کافروں کو جڑ سے اکھیڑنے کا اکھیڑنے ہیں

حَتّٰی غَدَتْ مِلَّةُ الْاِسْلَامِ وَهِیَ بِهِمْ

یہاں تک کر ملتِ اسلام جو پہلے غریب تھی کوئی اسے

مِنْ بَعْدِ غُرْبَتِهَا مَوْصُوْلَةَ الرَّحِمِ

کچھ نہ سمجھتا تھا۔ اپنے اقربا سے مل گئی

مَکْفُوْلَةً اَبَدًا مِّنْهُمْ بِخَیْرِ اَبٍ

وہ ملت کفالت میں ان سے ہے ہمیشہ اچھے باپ

وَّخَیْرِ بَعْلٍ فَلَمْ تَیْتَمْ وَلَمْ تَئِمِ

اور اچھے شوہر کی پس نہ یتیم ہو گی اور نہ بیوہ ہو گی

هُمُ الْجِبَالُ فَسَلْ عَنْهُمْ مَصَادِمَهُمْ

وہ لشکر اسلام پہاڑ ہیں ان سے پوچھ کافروں کے صدمے پہنچانے کی خبر

مَاذَا رَاٰی مِنْهُمْ فِیْ کُلِّ مُصْطَدَمٍ

کہ کافروں نے کیا دیکھا ہے ان سے ہر معرکہ میں

فَسَلْ حُنَیْنًا وَّسَلْ بَدْرًا وَّسَلْ اُحُدًا

جنگ حنین اور جنگ بدر اور جنگ اُحد کا حال پوچھ

فُصُوْلَ حَتْفٍ لَّهُمْ اَدْهٰی مِنَ الْوَخَمِ

کہ کافروں کے لئے موت کی فصلیں تھیں وبا سے زیادہ سخت

اَلْمُصْدِرِی الْبِیْضِ حُمْرًا بَعْدَ مَا وَرَدَتْ

وہ صحابہ دشمنوں کے خون سے سفید تلواروں کو سرخ نکالنے والے

مِنَ الْعِدٰی کُلَّ مُسْوَدٍّ مِّنَ اللِّمَمِ

اعدا کی ہر زلف کی سیاہی کے بعد

وَالْكَاتِبِيْنَ بِسُمْرِ الْخَطِّ مَا تَرَكَتْ

اور وہ صحابہ نیزوں کی قلموں سے خط لکھنے والے کہ ان کے قلموں نے

أَقْلَامُهُمْ حَرْفَ جِسْمٍ غَيْرَ مُنْعَجِمِ

کسی حرف جسم کو بے نقطہ ضرب کے نہیں چھوڑا

شَاكِى السِّلَاحِ لَهُمْ سِيْمَا تُمَيِّزُهُمْ

ان کے ہتھیار کھنچی ہوئی نشانی تھی ان کے امتیازنہ کی کہ

وَالْوَرْدُ يُمْتَازُ بِالسِّيْمَا مِنَ السَّلَمِ

گلاب کا پھول نشانی سے ممتاز ہوتا ہے درخت خار دار سے

تُهْدِىْ إِلَيْكَ رِيَاحُ النَّصْرِ نَشْرَهُمُ

اُن کی خوشخبریاں تجھ کو ہوائے نصرت کا ہدیہ بھیجتی ہیں

فَتَحْسِبُ الْوَرْدَ فِي الْأَكْمَامِ كُلَّ كَمِ

پس تو گمان کرے کہ ہر دلاور گلاب ہے غلاف میں

كَأَنَّهُمْ فِيْ ظُهُوْرِ الْخَيْلِ نَبْتُ رُبًا

گویا وہ اپنے گھوڑوں کی پشت پر ایسے ہیں جیسے اس میں درخت اگے ہیں

مِنْ شِدَّةِ الْحَزْمِ لَا مِنْ شِدَّةِ الْحُزُمِ

اپنی شجاعت اور احتیاط کے سبب نہ اس سبب سے کہ زمینیں تنگ ہیں

طَارَتْ قُلُوْبُ الْعِدٰى مِنْ بَأْسِهِمْ فَرَقًا

دشمنوں کے دلوں میں لرزہ پڑا جان کے ڈر سے

فَمَا تُفَرِّقُ بَيْنَ الْبَهْمِ وَالْبُهَمِ

چارپائے کو آدمی سے نہیں پہچانتے ڈر اور غم سے

وَمَنْ تَكُنْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ نُصْرَتُهٗ

اور جس کو رسول اللہ سے مدد اور نصرت آئے

اِنْ تَلْقَهُ الْاُسْدُ فِيْ اٰجَامِهَا تَجِمِ

اگر شیر بھی اس سے ملے تو اس کے ڈر سے تارک ہو جائے

وَلَنْ تَرٰى مِنْ وَّلِيٍّ غَيْرَ مُنْتَصِرٍ

ہرگز تو کبھی نہ دیکھے گا۔ کہ آپ کا دوست مدد نہ پائے

بِهٖ وَلَا مِنْ عَدُوٍّ غَيْرَ مُنْقَسِمِ

اور آپ کا دشمن ٹکڑے ٹکڑے نہ ہو

اَحَلَّ اُمَّتَهٗ فِيْ حِرْزِ مِلَّتِهٖ

اپنی امت کو اپنی ملت کے قلعہ میں ایسا لے لیا ہے

كَاللَّيْثِ حَلَّ مَعَ الْاَشْبَالِ فِيْ اَجَمِ

جیسے شیر اپنے بچوں کو نیستان میں

كَمْ جَدَّلَتْ كَلِمَاتُ اللّٰهِ مِنْ جَدَلٍ

کلمات الٰہی نے بہت جھگڑنے والوں سے جنگ کی آپ کی

فِيْهِ وَخَصَّمَ الْبُرْهَانُ مِنْ خَصِمِ

شان میں اور بہت برہانِ الٰہی نے خصومت کی یعنی غالب آگئیں

كَفَاكَ بِالْعِلْمِ فِي الْاُمِّيِّ مُعْجِزَةً

تجھ کو یہی معجزہ کافی ہے کہ امی کو زمانہ جاہلیت

فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَالتَّاْدِيْبِ فِي الْيُتُمِ

میں علم اور یتیم کو ادب حاصل ہوا

اَلْفَصْلُ التَّاسِعُ فِیْ طَلَبِ

فصل نویں بیان میں

مَغْفِرَۃٍ مِّنَ اللّٰہِ تَعَالٰی وَشَفَاعَۃً،

اللہ تعالیٰ سے بخشش مانگنے کے اور طلب کرنے میں

مِّنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ

شفاعت کے رسول اللہ

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ

صلی اللہ علیہ وسلم سے

خَدَمْتُہٗ بِمَدِیْحٍ اَسْتَقِیْلُ بِہٖ

میں نے آپ کی خدمت مدح سے اس لئے کی ہے کہ عفو ہو جائیں

ذُنُوْبَ عُمْرٍ مَّضٰی فِی الشِّعْرِ وَالْخِدَمِ

وہ گناہ جو اتنی عمر میں کئے ہیں یعنی شعر گفتار رہا ہوں اور خدمت کی ہے دولتمندوں کی

اِذْ قَلَّدَانِیْ مَا تُخْشٰی عَوَاقِبُہٗ

کیونکہ میرے گلے میں پٹہ ڈال دیا ہے دونوں باتوں نے جس سے انجام کا خوف ہے

کَاَنَّنِیْ بِہِمَا ھَدْیٌ مِّنَ النَّعَمِ

گویا دونوں باتوں سے میں حیوان ہوں چارپایوں میں

اَطَعْتُ غَیَّ الصِّبَا فِی الْحَالَتَیْنِ وَمَا

میں نے لڑکپن کی گمراہی کی اطاعت کی دونوں حالتوں میں اور کچھ

حَصَلْتُ اِلَّا عَلَی الْاٰثَامِ وَالنَّدَمِ

حاصل نہ ہوا سوائے گناہوں اور پشیمانی کے

فَيَا خَسَارَةَ نَفْسِيْ فِيْ تِجَارَتِهَا

بڑا افسوس ہے کہ نفس کو تجارت میں بڑا نقصان ہوا

لَمْ تَشْتَرِ الدِّيْنَ بِالدُّنْيَا وَلَمْ تَسُمِ

کہ دین کو نہ حسنہ یدا دنیا کے عوض اور مول نہ لیا

وَمَنْ يَّبِعْ عَاجِلًا مِّنْهُ بِعَاجِلِهٖ

جو شخص آخرت کے نفع کو دنیا کے نفع پر بیچتا ہے

يَبِنْ لَهُ الْغَبْنُ فِيْ بَيْعٍ وَّفِيْ سَلَمِ

اس کو نقصان ہی ظاہر ہوتا ہے خریداری موجود اور آئندہ میں

وَاِنْ اٰتِ ذَنْبًا فَمَا عَهْدِيْ بِمُنْتَقِضٍ

اگرچہ میں نے گناہ کئے ہیں پر میرا پیمان نہیں ٹوٹنے کا

مِنَ النَّبِيِّ وَلَا حَبْلِيْ بِمُنْصَرِمِ

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور نہ میرا رشتہ ٹوٹے گا

فَاِنَّ لِيْ ذِمَّةً مِّنْهُ بِتَسْمِيَتِيْ

کیونکہ میرے واسطے آپ کا عہد ہے بسبب اس کے کہ میرا نام

مُحَمَّدًا وَّهُوَ اَوْفَى الْخَلْقِ بِالذِّمَمِ

محمد ہے اور آپ زیادہ پورا کرنے والے ہیں خلقت سے عہدوں کو

اِنْ لَّمْ يَكُنْ فِيْ مَعَادِيْ اٰخِذًا بِيَدِيْ

اگر آپ میری دستگیری آخرت میں از روئے فضل کے نہ کریں

فَضْلًا وَّاِلَّا فَقُلْ يَا زَلَّةَ الْقَدَمِ

تو کہو بڑی ہی لغزش ہوئی اور پاؤں رپٹے

حَاشَاهُ أَنْ يُحْرَمَ الرَّاجِي مَكَارِمَهُ

حاشا للہ! کہ آپ کا امیدوار بخششوں کا محروم رہے

أَوْ يَرْجِعَ الْجَارُ مِنْهُ غَيْرَ مُحْتَرَمِ

یا پناہ لینے والا یوں ہی الٹا پھرے بے توقیر

وَمُنْذُ أَلْزَمْتُ أَفْكَارِي مَدَائِحَهُ

اور میں نے جیسے آپ کی مدح میں فکر کو لازم کر لیا ہے

وَجَدْتُهُ لِخَلَاصِي خَيْرَ مُلْتَزَمِ

آپ کو اپنی خلاصی کے واسطے بہت اچھا ذمہ دار پایا ہے

وَلَنْ يَفُوتَ الْغِنَى مِنْهُ يَدًا تَرِبَتْ

اور ہرگز بے نیازی فوت نہ ہوگی اس ہاتھ کی جو خاک پر پہنچ

إِنَّ الْحَيَا يُنْبِتُ الْأَزْهَارَ فِي الْأَكَمِ

جس نے وسیلہ آپ کا لیا کیونکہ مینہ ٹیلوں پر سبزہ پیدا کرتا ہے

وَلَمْ أُرِدْ زَهْرَةَ الدُّنْيَا الَّتِي اقْتَطَفَتْ

اور میں نہیں چاہتا ہوں دنیا کے منافع جیسے زہیر شاعر

يَدَا زُهَيْرٍ بِمَا أَثْنَى عَلَى هَرِمِ

ہاتھوں نے میوے چنے ہرم بن ہشام کی ثنا کہنے میں

اَلْفَصْلُ الْعَاشِرُ فِي ذِكْرِ

فصل دسویں بیان ذکر

الْمُنَاجَاتِ وَعَرْضِ الْحَاجَاتِ

مناجات میں اور پیش کرنے میں حاجتوں کے

يَا أَكْرَمَ الْخَلْقِ مَا لِي مَنْ أَلُوذُ بِهٖ

اے تمام مخلوق سے بزرگ تر آپ کے سوا میرا کوئی ایسا نہیں

سِوَاكَ عِنْدَ حُلُولِ الْحَادِثِ الْعَمَمِ

جس سے پناہ چاہوں حادثۂ عام کے نازل ہونے میں

وَلَنْ يَّضِيقَ رَسُولَ اللّٰهِ جَاهُكَ بِي

اور اے رسول اللہ آپ کا مرتبہ میری شفاعت میں تنگی نہ کر جائے

إِذَا الْكَرِيمُ تَحَلّٰى بِاسْمِ مُنْتَقِمِ

جس وقت وہ ذات کریم اپنے اسم منتقم کے ساتھ جلوہ گر ہوگی

فَإِنَّ مِنْ جُودِكَ الدُّنْيَا وَضَرَّتَهَا

کیونکہ دنیا اور آخرت آپ کی بخششوں میں سے ہے

وَمِنْ عُلُومِكَ عِلْمَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ

اور لوح و قلم آپ کے علموں میں سے ہیں

يَا نَفْسُ لَا تَقْنَطِي مِنْ زَلَّةٍ عَظُمَتْ

اے دل ناامید نہ ہو بڑے گناہوں کے سبب سے

إِنَّ الْكَبَائِرَ فِي الْغُفْرَانِ كَاللَّمَمِ

اس لئے کہ بخشش میں گناہ کبیرہ چھوٹے ہوتے ہیں

لَعَلَّ رَحْمَةَ رَبِّي حِيْنَ يَقْسِمُهَا

امید ہے کہ جب اللہ کی رحمت تقسیم ہوگی تو

تَأْتِي عَلٰى حَسَبِ الْعِصْيَانِ فِي الْقِسَمِ

موافق گناہوں کے ہوگی جس کے گناہ بہت ہوں گے اس پر رحمت بہت ہوگی

يَا رَبِّ وَاجْعَلْ رَجَائِىْ غَيْرَ مُنْعَكِسٍ

اے میرے پروردگار میری امید کو الٹا نہ کیجیو

لَدَيْكَ وَاجْعَلْ حِسَابِىْ غَيْرَ مُنْخَرِمِ

اپنے سامنے اور میرے حساب کو یعنی التجا کو بر لائیو

وَالْطُفْ بِعَبْدِكَ فِى الدَّارَيْنِ اِنَّ لَهٗ

اور اپنے بندے پر دونوں جہان میں عنایت کر کہ جب امور ہائلہ اسکو پیش آتے ہیں

صَبْرًا مَتٰى تَدْعُهُ الْاَهْوَالُ يَنْهَزِمِ

تو اس کا صبر بھاگ جاتا ہے یعنی بے صبر ہو جاتا ہے

وَائْذَنْ لِسُحْبِ صَلٰوةٍ مِّنْكَ دَائِمَةً

اور درود و سلام کے ابروں کو اجازت دے کہ ہمیشہ

عَلَى النَّبِىِّ بِمُنْهَلٍّ وَّ مُنْسَجِمِ

کمال کثرت سے برسیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر

وَالْاٰلِ وَالصَّحْبِ ثُمَّ التَّابِعِيْنَ لَهُمْ

اور سب آل و اصحاب اور ان کے تابعین پر کہ وہ تقوی

اَهْلِ التُّقٰى وَالنُّقٰى وَالْحِلْمِ وَالْكَرَمِ

اور علم اور حلم اور کرم کے اہل ہیں رضوان اللہ علیہم

ثُمَّ الرِّضَا عَنْ اَبِىْ بَكْرٍ وَّ عَنْ عُمَرَ

پھر راضی ہو حضرت ابو بکر رضؓ اور حضرت عمر رضؓ سے

وَعَنْ عَلِىٍّ وَّعَنْ عُثْمَانَ ذِى الْكَرَمِ

اور حضرت علی رضؓ اور حضرت عثمان رضؓ سے کہ وہ صاحب کرم ہیں رضی اللہ عنہم اجمعین

مَا رَنَّحَتْ عَذَبَاتِ الْبَانِ رِيحُ صَبَا

جب تک کہ باد صبا درخت بان کی شاخوں کو ہلائے

وَأَطْرَبَ الْعِيسَ حَادِي الْعِيسِ بِالنَّغَمِ

اور اونٹوں کو طرب میں ڈالے حدی کہنے والا نغموں سے

فَاغْفِرْ لِنَاشِدِهَا وَاغْفِرْ لِقَارِئِهَا

پس مغفرت کر اس کے مصنف کی اور بخشش کر اس کے پڑھنے والے کی

سَأَلْتُكَ الْخَيْرَ يَا ذَا الْجُودِ وَالْكَرَمِ

بے شک میرا تجھ سے یہی سوال ہے یا صاحب بخشش اور صاحب کرم کے

بسم اللہ الرحمن الرحیم ○ ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

یا حی یا قیوم

سلسلہ اشاعت
۱۳۸
دعوت و تبلیغ
الاسلام

دعائے اعتصام

دعائے اعتصام

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑے مہربان ہیں نہایت رحم والے

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ

اللہ جس کے سوا کوئی خدا نہیں زندہ ہے قائم

لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا

اس کو نہ اونگھ آتی ہے اور نہ نیند اسی کا

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ

ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے

مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا

کون سفارش کر سکتا ہے اس کے یہاں مگر

بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ

اس کے حکم سے جانتا ہے لوگوں کے آگے (کے واقعات)

وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ

اور جو پیچھے کے اور لوگ احاطہ نہیں کر سکتے اس کے

مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ

علم میں سے کسی پر مگر جس قدر کہ وہ چاہے اس کی

كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ

کرسی نے آسمانوں کو اور زمین کو سما لیا ہے

وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ

اور بھاری نہیں اس پر ان دونوں کی حفاظت اور وہ

الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ لَآ اِكْرَاهَ فِي

برتر ہے عظمت والا دین کے معاملہ میں زبردستی

الدِّيْنِ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ

نہیں ہے کہ ہدایت جدا ہو چکی ہے گمراہی

الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ

سے پس اب جو کوئی گمراہ کرنے والے کو نہ

وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ

مانے اور اللہ کا یقین کرے تو اس نے اپنے سہارے

بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۚ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۗ

کے لئے ایک مضبوط حلقہ تھام لیا جس کو ٹوٹنا نہیں ہے

وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ اَللّٰهُ وَلِيُّ

اور اللہ سنتا ہے اور سب کچھ جانتا ہے اور اللہ دوست ہے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ

ان کا جو یقین کرتے ہیں وہ ان کو تاریکیوں سے نکالتا ہے

اِلَى النُّوْرِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓئُهُمُ

نور کی طرف اور جو لوگ کافر ہیں ان کا دوست

أَنَّهُ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءً

بے شک جس نے تم میں سے نادانی سے

بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْ بَعْدِهٖ

برائی کی پھر توبہ کی اور اپنا

وَ أَصْلَحَ فَأَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ○

عمل درست کیا تو بے شک اللہ معاف کرنے والا مہربان ہے

وَكَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ وَ

اس قسم کے احکام کی تفصیل ہم اسی لئے کرتے ہیں اور

لِتَسْتَبِيْنَ سَبِيْلُ الْمُجْرِمِيْنَ ○

تاکہ ظاہر ہو جاوے مجرموں کی راہ

قُلْ إِنِّيْ نُهِيْتُ أَنْ أَعْبُدَ

اور کہہ دو کہ مجھے ممانعت کی گئی ہے کہ ان بتوں کی

الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ

پرستش کروں جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو

قُلْ لَّآ أَتَّبِعُ أَهْوَآءَكُمْ قَدْ

کہہ دو کہ اگر تمہاری خواہشوں کا پیرو ہو جاؤں تو

ضَلَلْتُ إِذًا وَّمَآ أَنَا مِنَ

گمراہ ہو جاؤں گا اور نہ ہوں گا ہدایت پانے والوں

الْمُهْتَدِيْنَ ○ ثُمَّ أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ

میں سے پھر نازل کی تم پر

الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ

شیطان ہے وہ ان کو نور سے گمراہی

النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ

کی طرف نکالتا ہے (اس وجہ سے) یہ سب

اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ○

دوزخی ہیں جو دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے

ایک بار — اِعْتَصَمْتُ بِاللّٰهِ اَلْفَتَّاحِ

میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں جو کھولنے والا

الْقَابِضِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ

روح قبض کرنے والا ہے اور پناہ اللہ کی جو سنتا اور

الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۵

جانتا ہے اس شیطان سے جو رحمت سے دور کیا گیا ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو نہایت رحم والا مہربان ہے

وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ

اور جب تیرے پاس وہ لوگ آویں جو ہمارے حکموں کا یقین

بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ

کرتے ہیں تو ان سے کہو کہ تم پر اللہ کا سلام ہو جس نے

رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ

تمہارے لئے رحمت کا وعدہ کیا ہے

مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا

پریشانی کے بعد اس کی حالت جو نیند

يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ وَطَآئِفَةٌ

تھی جس نے تم میں سے ایک جماعت کو ڈھانک لیا اور ایک جماعت

قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ

کو ان کے نفسوں نے پریشانی میں ڈالا کہ اللہ کی

بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ط

بابت ناحق اور جہالت کی سی بدگمانی کرتے تھے

يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ

اور کہتے تھے کہ اب ہمارے لئے کوئی وسیلہ

مِنْ شَيْءٍ ط قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ

نہیں (اے محمد!) کہہ دو کہ سب کاموں کا فیصلہ

لِلّٰهِ ط يُخْفُوْنَ فِيْ اَنْفُسِهِمْ مَّا

اللہ کے ہاتھ میں ہے اس وقت وہ اپنے دلوں میں وہ بات پوشیدہ

لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ط يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ

کرتے تھے جو تجھ سے ظاہر نہیں کرتے تھے اور کہتے تھے کہ اگر ہمارا اختیار

لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا

ہوتا تو یہاں ہم مارے نہ جاتے

هٰهُنَا ط قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ

تم کہہ دو کہ اگر تم اپنے گھروں میں بھی

بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ
ہوتے تو بھی وہ لوگ جن کے حق میں مارا
عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ج
جانا لکھا ہُوا ہے اپنے مقتل کی طرف نکل پڑتے
وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ
اور یہ اس لئے ہُوا۔ تاکہ امتحان (ظاہر) کرے۔ اللہ وہ بات جو
وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ط وَاللّٰهُ
تمہارے دلوں میں ہے اور خالص کرے جو تمہارے دل میں ہے اللہ دل
عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ٥ مُحَمَّدٌ
کی باتوں کو خوب جانتا ہے حضرت محمدؐ اللہ
رَّسُوْلُ اللّٰهِ ط وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ
کے رسول ہیں اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں کفار
عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ
کے حق میں سخت ہیں اور آپس میں رحم دل ہیں
تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ
رکوع سجدہ کرتے ہیں اللہ کا فضل اور
فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ز سِيْمَاهُمْ
خوشی تلاش کرتے ہیں ان کی
فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ط
پیشانیوں پر سجدے کے نشان ہیں

ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ ۚۖۛ

ان کی یہی خصلت توریت

وَمَثَلُهُمْ فِی الْاِنْجِیْلِ ۚ كَزَرْعٍ

اور انجیل میں ہے اکہ نیک لوگ ایسے ہوا کرتے

اَخْرَجَ شَطْئَهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ

ہیں) ان کی مثال اس کھیتی کی طرح سے ہے جس نے اپنا سر نکالا

فَاسْتَوٰى عَلٰى سُوْقِهٖ يُعْجِبُ

پس او نچا کیا پس وہ سخت ہو کر سیدھی اپنی جڑ پر کھڑی ہو جائے

الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ؕ

اور اپنے مالک کو خوش کرے تاکہ ایسے مسلمانوں سے اللہ کافروں کو

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ

رنج میں لائے اور اللہ یقین کرنے والوں اور نیک عمل

عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً

کرنے والوں کے لئے مغفرت کا وعدہ کرتا ہے

وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝

اور ثواب عظیم کا

اَلِفْ بَا تَا ثَا جِيْم حَا

الف با تا ثا جیم حا

خَا دَالْ ذَالْ رَا زَا سِيْن

خا دال ذال را زا سین

شِيْنُ صَادُ ضَادُ طَا ظَا

شین صاد ضاد طا ظا

عَيْنُ غَيْنُ فَا قَافُ كَافُ

عین غین فا قاف کاف

لَامُ مِيْمُ نُوْنُ وَاوُ هَا

لام میم نون واو ہا

يَا - يَا رَبِّ سَهِّلْ وَيَسِّرْ

یا اے اللہ ہمارا کام ہمارے لئے آسان کر

وَلَا تُعَسِّرْ عَلَيْنَا يَا رَبِّ

اور ہم پر مشکلات نہ ڈال اے پرورش کرنے والے!

بسم اللہ الرحمن الرحیم ○ ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

یا حی یا قیوم

اللھم صل علی سیدنا محمد النبی الامی وعلی الہ

وسلم تسلیما کثیرا کثیرا ابدا ابدا

دعائے حزب البحر

دعائے حزب البحر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو نہایت رحم والا بڑا مہربان ہے

يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ يَا حَلِيْمُ

اے اللہ برتر اے بزرگ اے بردبار

يَا عَلِيْمُ اَنْتَ رَبِّيْ وَعِلْمُكَ

اے دانا تو ہی میرا پروردگار ہے اور تیرا ہی علم

حَسْبِيْ فَنِعْمَ الرَّبُّ رَبِّيْ وَ

مجھ کو کافی ہے پس اچھا پروردگار میرا پروردگار ہے اور

نِعْمَ الْحَسْبُ حَسْبِيْ تَنْصُرُ مَنْ

اچھا کافی میرا کافی ہے غالب کرتا ہے تو

تَشَآءُ وَاَنْتَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ○

جس کو چاہے اور تو ہی غالب اور رحم والا ہے

نَسْئَلُكَ الْعِصْمَةَ فِي الْحَرَكَاتِ

سوال کرتے ہیں ہم تجھ سے حفاظت کا حرکات

وَالسَّكَنَاتِ وَالْكَلِمَاتِ وَ

اور سکنات اور بول چال الفاظ اور

بقیہ (از صفحہ گزشتہ) جب پیر ابر ہوئے تو دعا یعنی دعائے حزب البحر زبان پر جاری تھا۔ معاً جہاز کو حکم فرمایا کہ تو ترقی مزاحمت ہے کہ بادبان درست کیجئے۔ معاً ہوا ٹوٹ گئی۔ کہ جونہی بادبان باندھوں گا۔ ہوا مخالف فی الفور قاہرہ تک پہنچی دے گی۔ یہ شیخ نے اصرار سے فرمایا۔ کہ بادبان درست باندھو۔ اور عجائبِ صنعتِ الٰہی کی کرم فرمائی کا خیال رکھو۔ جونہی بادبان درست کیا۔ تو ہوا موافق شروع ہوئی اور بہت تیزی

الْوَارِدَاتِ وَالْخَطَرَاتِ مِنَ

ارادوں اور خطرات میں جو از جنس

الظُّنُوْنِ وَالشُّكُوْكِ وَالْاَوْهَامِ

گمان اور شک اور وہموں سے ہوں

السَّاتِرَةِ لِلْقُلُوْبِ عَنْ مُّطَالَعَةِ

جو دلوں پر حجاب بن جانے والے پوشیدہ باتوں پر اطلاع

الْغُيُوْبِ فَقَدِ ابْتُلِيَ الْمُؤْمِنُوْنَ

پانے سے کہ مومنین بے شک امتحان میں ہو گئے ہیں

وَزُلْزِلُوْا زِلْزَالًا شَدِيْدًا

اور ہلائے گئے ہیں سخت ہلایا جانا

جب یہ لفظ یعنی شدیدًا پڑھ چکے تو داہنی انگشت

شہادت سے آسمان کی طرف اشارہ کرے

وَاِذْ يَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالَّذِيْنَ

اور جب کہ کہتے تھے منافق اور وہ لوگ

فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ مَّا وَعَدَنَا

جن کے دلوں میں مرض ہے کہ ہم سے اللہ اور

اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اِلَّا غُرُوْرًا ؀

رسول نے نہیں وعدہ کیا تھا مگر دھوکے کا

سے چلنے لگی۔ نیز دعا کی برکت سے مقصود تک پہنچ گئے۔ ایک جہاز کے لڑکے شیخ صاحب کی خوارق سے متاثر ہو کر مشرف باسلام ہوئے۔ اسی رات میں وہ نصرانی ایک جہاز عالم بیداری میں دیکھتا ہے کہ شیخ جماعت عظیمہ کے ساتھ جنت میں جا رہے ہیں۔ خواہش کی کہ میں بھی ان کے ساتھ جاؤں۔ کہا گیا کہ مسلمان ہو جاؤ۔ ان کے ساتھ جانے کا مجاز نہیں۔ علی الصبح وہ نصرانی (باقی بر صفحہ آئندہ)

(نقیع الصفحہ) (محرر شد) ... (illegible handwritten marginal note)

فَثَبِّتْنَا وَانْصُرْنَا اس جگہ یعنی اُنصرنا
پس ہم کو ثابت قدم رکھ اور غلبہ دے
پڑھنے میں مطلب کا دل میں خیال کرے

وَسَخِّرْ لَنَا هٰذَا الْبَحْرَ كَمَا
اور ہمارے کار آمد کر دے اس دریا کو جیسا کہ
سَخَّرْتَ الْبَحْرَ لِمُوْسٰى عَلَيْهِ
کار آمد کر دیا تھا دریا کو حضرت موسیٰ علیہ السلام
السَّلَامُ وَسَخَّرْتَ النَّارَ
کے لئے اور کار آمد کر دیا تھا آگ کو
لِاِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَ
حضرت ابراہیم علیہ السلام کے لئے اور
سَخَّرْتَ الْجِبَالَ وَالْحَدِيْدَ
کار آمد کر دیا تھا پہاڑوں اور لوہے کو
لِدَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَسَخَّرْتَ
حضرت داؤد علیہ السلام کے لئے اور حکم میں کر دیا تھا
الرِّيْحَ وَالشَّيٰطِيْنَ وَالْجِنَّ
ہوا اور شیاطین اور جنوں کو
لِسُلَيْمَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَسَخِّرْ
حضرت سلیمان علیہ السلام کے لئے اور ہمارے کار آمد

لہ جہاں مطلب کے تصور کا اشارہ ہے۔ وہاں رضائے الٰہی دل میں تصور کرے (مؤلف)

لَنَا كُلَّ بَحْرٍ هُوَ لَكَ فِي الْأَرْضِ

کر دے اپنے پر اس دریا کو جو زمین میں ہے

وَالسَّمَآءِ وَالْمُلْكِ وَالْمَلَكُوْتِ

اور آسمان میں اور ملک اور جہان میں ہو

وَبَحْرَ الدُّنْيَا وَبَحْرَ الْاٰخِرَةِ

اور دنیا کے دریا کو اور آخرت کے دریا کو

وَسَخِّرْ لَنَا كُلَّ شَيْءٍ يَا مَنْ

اور ہمارے کار آمد کر دے ہر چیز کو اے وہ ذات کہ

بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَيْءٍ كٓهٰيٰعٓصٓ

اسی کے قبضہ میں ہے ملکیت ہر چیز کی کاف ہا یا عین صاد

كٓهٰيٰعٓصٓ كٓهٰيٰعٓصٓ (اس کلمہ کو تین بار

کاف ہا یا عین صاد کاف ہا یا عین صاد

لکھا گیا، اس لئے کہ تین بار پڑھا جاتا ہے، اور

اس کے اوّل دفعہ پڑھنے میں ہر حرف کے ساتھ

انگلیاں داہنے ہاتھ کی بند کرے، اس طرح

کہ اول حرف کے ساتھ چھنگلیا، پھر دوسرے حرف

کے ساتھ چھنگلیا کے قریب کی انگشت، تیسرے حرف

کے ساتھ بیچ کی انگلی، چوتھے کے ساتھ انگلی شہادت

کی، پانچویں کے ساتھ انگوٹھا بند کرے، اور اسی طرح

بند رکھے، پھر دوسرے کٓھٰیٰعٓصٓ کے ساتھ

اسی ترتیب سے کھول دے، پھر تیسرے کٓھٰیٰعٓصٓ

کے ساتھ بند کرے) اُنْصُرْنَا (یہاں پر یعنی

ہماری مدد کر

اُنصرنا پڑھنے میں پہلی انگلی یعنی چھنگلیا کھول دے)

فَاِنَّكَ خَيْرُ النَّاصِرِيْنَ وَافْتَحْ لَنَا

کیونکہ تو سب سے بہتر مدد کرنے والا ہے اور ہم کو فتح دے

(یہاں اسی طرح دوسری انگلی کھول دے) فَاِنَّكَ

کیونکہ

خَيْرُ الْفَاتِحِيْنَ وَاغْفِرْ لَنَا (یہاں

تو سب سے بہتر فتح دینے والا ہے اور بخش ہم کو

تیسری انگلی کھول دے) فَاِنَّکَ خَیْرُ

کیونکہ تو سب سے بہتر بخشنے

الْغَافِرِیْنَ وَارْحَمْنَا (یہاں پر چوتھی

والا ہے اور رحم کر ہم پر

انگلی کھول دے) فَاِنَّکَ خَیْرُ الرَّاحِمِیْنَ

کیونکہ تو سب سے بہتر رحم کرنیوالا ہے

وَارْزُقْنَا (یہاں پر پانچویں انگلی کھولدے

اور ہم کو روزی دے

اور ترکیب کھولنے کی وہی ہے جو بند کرنیکی ہے

فَاِنَّکَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ وَاحْفَظْنَا

کیونکہ تو سب سے بہتر روزی دینے والا ہے اور ہماری حفاظت کر

فَاِنَّکَ خَیْرُ الْحَافِظِیْنَ وَاهْدِنَا

کیونکہ تو سب سے بہتر حفاظت کرنے والا ہے اور ہم کو ہدایت کر

وَنَجِّنَا مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ وَ

اور ہم کو ظالموں کی قوم سے بچا اور

هَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْکَ رِیْحًا طَیِّبَةً

عنایت کر ہم کو اپنے پاس سے ایک اچھی ہوا

کَمَا هِیَ فِیْ عِلْمِکَ وَانْشُرْهَا عَلَیْنَا

جیسی کہ وہ تیرے علم میں ہے اور چلا اس کو ہم پر

مِنْ خَزَآئِنِ رَحْمَتِكَ وَاحْمِلْنَا بِهَا

اپنی رحمت کے خزانوں میں سے اور لے چل ہم کو اس

حَمْلَ الْكَرَامَةِ وَمَعَ السَّلَامَةِ

کے ذریعہ سے چلنا عزت کا اور مع سلامتی

وَالْعَافِيَةِ فِي الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَ

دین اور دنیا اور

الْاٰخِرَةِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

آخرت کے امن چین کے ساتھ کیونکہ تو ہر چیز پہ قادر ہے

اَللّٰهُمَّ يَسِّرْ لَنَا اُمُوْرَنَا (یہاں پر یعنی

اے اللہ! آسان کر ہمارے لئے ہمارے تمام کام

امورنا پڑھنے میں مطلب کا دل میں خیال رکھے)

مَعَ الرَّاحَةِ لِقُلُوْبِنَا وَاَبْدَانِنَا

دلوں اور بدنوں کے چین کے ساتھ

وَالسَّلَامَةِ وَالْعَافِيَةِ فِيْ دِيْنِنَا

اور سلامتی اور امن کے ساتھ ہمارے دین اور

وَدُنْيَانَا وَكُنْ صَاحِبَنَا فِيْ سَفَرِنَا

دنیا میں اور رہ ہمارا ساتھی سفر میں

وَخَلِيْفَتَنَا فِيْ اَهْلِنَا وَاطْمِسْ عَلٰى

اور ہمارے پیچھے محافظ ہمارے گھر بار میں اور بگاڑ دے

وُجُوْہِ (اس جگہ یعنی وجوہ پڑھنے میں تصوّر اعداء

منہ

داہنے ہاتھ کی مٹھی باندھ کر نیچے کو اشارہ کرے اور

کھول دے) اَعْدَآئِنَا وَامْسَخْهُمْ

ہمارے دشمنوں کے اور ان کو مسخ کر دے

عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ

ان کی جگہ پر کہ نہ طاقت رکھیں وہ

الْمُضِيَّ وَلَا الْمَجِيْءَ اِلَيْنَا وَ

ہم پر گزر کی اور نہ ہماری طرف آنے کی (جیسا کہ تونے

لَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰى اَعْيُنِهِمْ

فرمایا ہے) کہ اگر چاہیں ہم تو ان کی آنکھوں کو پٹ کر دیں

فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ

کہ وہ راستہ کی طرف دوڑتے پھریں پھر کہاں دیکھ سکتے ہیں

وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى

اور اگر چاہیں تو مسخ کر دیں ان کو ان کی

مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا

جگہ پر پھر نہ طاقت رکھیں وہ وہاں سے

وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ۝ يٰسٓ ۝ وَالْقُرْاٰنِ

چلے جانے کی اور نہ لوٹ سکیں یٰسٓ قسم ہے قرآن

الْحَكِيْمِ ○ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ○

محکم کی بے شک آپ پیغمبروں میں سے ہیں

عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ○ تَنْزِيْلَ

سیدھے راستہ پر (یہ قرآن) اتارا ہوا ہے

الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ○ لِتُنْذِرَ

(خدائے) غالب اور رحیم کا تاکہ ڈرائیں آپ

قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ

اس قوم کو کہ ان کی پہلی نسلیں نہیں ڈرائی گئیں اس وجہ سے وہ

غٰفِلُوْنَ ○ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ

غافل ہیں سچی ہو چکی ہے (اللہ تعالیٰ کی) بات ان میں

عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا

بہتوں پر پھر بھی یہ ایمان نہیں

يُؤْمِنُوْنَ ○ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ

لاتے ہم نے ڈال دیے ہیں ان کی

اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ اِلَى

گردنوں میں طوق کہ وہ ٹھوڑیوں

الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ○

تک ہیں پس ان کے سر اٹھ گئے ہیں

وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ

اور قائم کر دی ہے ہم نے ایک دیوار ان کے

سَدًّا وَّ مِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا

سامنے اور پیچھے ان کے ایک دیوار کہ

فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ○

اس نے ان کو آڑیں کر دیا پس وہ دیکھ نہیں سکتے

شَاهَتِ الْوُجُوْهُ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ

بگڑ جائیں منہ بگڑ جائیں منہ

شَاهَتِ الْوُجُوْهُ (یہ کلمہ تین بار لکھا گیا

بگڑ جائیں منہ

ہے، ہر بار یہاں دل میں اپنے دشمنوں کا خیال

رکھے کہ تباہ ہو جائیں، اور الٹا ہاتھ زمین پر مارے

ہر بار میں وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَيِّ

(جیسا قیامت کے بارے میں ہے) اور جھک جائیں گے منہ خدائے احی و

الْقَيُّوْمِ ط وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ

قیوم کے سامنے اور خسارا میں پڑا وہ جس نے گناہ کا

ظُلْمًا ○ طٰسٓ طٰسٓمٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ

بار اٹھایا طٰسٓ طٰسٓمٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ

مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ○

ملا دیا دونوں دریاؤں کو ایک سا تو بہتے ہیں

بَیْنَھُمَا بَرْزَخٌ لَّا یَبْغِیٰنِ

اور بیچ میں ایک پردہ ہے ان کے۔ کہ اپنی حد سے تجاوز نہیں کر سکتے

حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ

حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ حٰمٓ

حٰمٓ حٰمٓ (حٰمٓ چونکہ سات مرتبہ پڑھا

حٰمٓ حٰمٓ

جاتا ہے، اس لئے سات جگہ لکھا گیا۔ پہلی بار

پڑھ کر داہنی طرف پھونک مارے اور دوسری

بار پڑھ کر بائیں طرف اور تیسری بار پڑھ کر

سامنے اور چوتھی بار پڑھ کر پیچھے اور پانچویں بار

پڑھ کر اوپر اور چھٹی بار پڑھ کر نیچے اور ساتویں

بار پڑھ کر دونوں ہاتھ پر اندر کی طرف دم کر کے

تمام بدن پر ملے) حٰمٓ الْاَمْرُ وَجَآءَ

گرم ہوا کام اور آ گئی

النَّصْرُ فَعَلَيْنَا لَا يُنْصَرُوْنَ ٥
مدد پس وہ ہم پر فتح نہیں پا سکتے
حٰمٓ ٥ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ
حٰمٓ اس کتاب کا اتارنا اللہ کی طرف سے ہے
الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ٥ غَافِرِ الذَّنْبِ
جو غالب ہے اور دانا ہے گناہ کا بخشنے والا
وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ
اور توبہ کا قبول کرنے والا سخت عذاب دینے والا
ذِى الطَّوْلِ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا
بڑے اختیار والا کوئی معبود اس کے
هُوَ ط اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ٥ بِسْمِ
سوا نہیں اسی کی طرف لوٹنا ہے بسم اللہ
اللّٰهِ بَابُنَا تَبَارَكَ حِيْطَانُنَا
ہمارا دروازہ ہے تبارک الذی ہماری چاردیواری ہے
يٰسٓ سَقْفُنَا كٓهٰيٰعٓصٓ (یہاں داہنے
یٰسٓ ہماری چھت ہے کٓھٰیٰعٓصٓ
ہاتھ کی انگلیاں بند کرکے چھنگلیا سے شروع
کرے، انگوٹھے پر ختم کرے، اول حرف پڑھنے

میں چھنگلیا بند کرے، دوسرے پر اس کے پاس

والی، تیسرے پر درمیانی، چوتھے پر انگشت

شہادت، پانچویں پر انگوٹھا، ہر حرف کے پڑھنے

کے ساتھ ہی انگلی بند کرے) کَفٰا یَتُنَا
ہم کو کافی ہے

حٰمٓعٓسٓقٓ (یہاں انگلیاں کھولے ہر حرف
حٰمٓعٓسٓقٓ

کے ساتھ اسی ترتیب سے، کہ جس طرح بند کی

تھیں) حِمَا یَتُنَا فَسَیَکْفِیْکَھُمُ
ہماری پناہ ہے پس اللہ تجھ کو ان کے مقابلہ میں

اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ○
کافی ہو جائے گا اور وہ سننے والا جاننے والا ہے

سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَیْنَا
عرش کا پردہ ہمارے اوپر چھوٹا ہوا ہے

وَعَیْنُ اللّٰہِ نَاظِرَۃٌ اِلَیْنَا بِحَوْلِ
اور حق تعالیٰ کی نظر ہماری طرف متوجہ ہے اللہ تعالیٰ کی

اللهِ لَا يَقْدِرُ عَلَيْنَا۔ سِتْرُ الْعَرْشِ

مدد سے کوئی ہم پر قابو نہ پائے گا　عرش کا پردہ ہمارے

مَسْبُوْلٌ عَلَيْنَا وَعَيْنُ اللهِ نَاظِرَةٌ

اوپر چھوٹا ہوا ہے　اور حق تعالیٰ کی نظر ہماری طرف

اِلَيْنَا بِحَوْلِ اللهِ لَا يَقْدِرُ

متوجہ ہے　خدا تعالیٰ کی مدد سے کوئی ہم پر قابو نہ

عَلَيْنَا۔ سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ

پائے گا　عرش کا پردہ ہم پر چھوٹا ہوا ہے

عَلَيْنَا وَعَيْنُ اللهِ نَاظِرَةٌ

اور حق تعالیٰ کی نظر ہماری طرف متوجہ

اِلَيْنَا بِحَوْلِ اللهِ لَا يَقْدِرُ

ہے　حق تعالیٰ کی مدد سے کوئی ہم پر قابو نہ

عَلَيْنَا۔ سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ

پائے گا۔　عرش کا پردہ ہم پر چھوٹا ہوا ہے

عَلَيْنَا وَعَيْنُ اللهِ نَاظِرَةٌ

اور حق تعالیٰ کی نظر ہماری طرف متوجہ ہے

اِلَيْنَا بِحَوْلِ اللهِ لَا يَقْدِرُ

حق تعالیٰ کی مدد سے کوئی ہم پر قابو

عَلَيْنَا۔ سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ

نہ پائے گا　عرش کا پردہ ہم پر چھوٹا ہوا ہے

عَلَيْنَا وَ عَيْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ
اور حق تعالےٰ کی نظر ہماری طرف
اِلَيْنَا يَحُوْلُ اللّٰهِ لَا يَقْدِرُ
متوجہ ہے حق تعالےٰ کی مدد سے کوئی ہم پر قابو
عَلَيْنَا۔ سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ
نہ پائے گا عرش کا پردہ ہم پر چھوٹا
عَلَيْنَا وَ عَيْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ
ہوا ہے اور حق تعالےٰ کی نظر ہماری طرف
اِلَيْنَا يَحُوْلُ اللّٰهِ لَا يَقْدِرُ
متوجہ ہے حق تعالےٰ کی مدد سے کوئی ہم پر قابو
عَلَيْنَا۔ سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ
نہ پائے گا عرش کا پردہ ہم پر چھوٹا ہوا ہے
عَلَيْنَا وَ عَيْنُ اللّٰهِ نَاظِرَةٌ
اور حق تعالےٰ کی نظر ہماری طرف
اِلَيْنَا يَحُوْلُ اللّٰهِ لَا يَقْدِرُ
متوجہ ہے حق تعالےٰ کی مدد سے کوئی ہم پر قابو
عَلَيْنَا وَ اللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ
نہ پائے گا اور اللہ ان کو ہر طرف سے گھیرے
مُّحِيْطٌ ○ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ
ہوئے ہے بلکہ یہ کتاب قرآن مجید ہے

فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ○ فَاللّٰہُ

لوح محفوظ میں پس اللہ

خَیْرٌ حٰفِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ

ہی اچھا نگہبان ہے اور وہ سب سے زیادہ رحم

الرّٰحِمِیْنَ ○ فَاللّٰہُ خَیْرٌ حٰفِظًا

کرنے والا ہے پس اللہ ہی اچھا نگہبان ہے

وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ○ فَاللّٰہُ

اور وہ سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے پس اللہ

خَیْرٌ حٰفِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ

ہی اچھا نگہبان ہے اور وہ سب سے زیادہ رحم

الرّٰحِمِیْنَ ○ اِنَّ وَلِیِّ یَ اللّٰہُ

کرنے والا ہے بے شک میرا مددگار اللہ

الَّذِیْ نَزَّلَ الْکِتٰبَ وَھُوَ

ہے جس نے اتاری کتاب اور وہی

یَتَوَلَّی الصّٰلِحِیْنَ ○ اِنَّ

مددگار ہوتا ہے نیکوں کا بے شک

وَلِیِّ یَ اللّٰہُ الَّذِیْ نَزَّلَ

میرا پروردگار اللہ ہے جس نے اتاری

الْکِتٰبَ وَھُوَ یَتَوَلَّی الصّٰلِحِیْنَ ○

کتاب اور وہی مددگار ہوتا ہے نیکوں کا

اِنَّ وَلِيِّ يَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ
بے شک میرا مددگار اللہ ہے جس نے اتاری

الْكِتٰبَ ۖ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ○
کتاب اور وہی مددگار ہوتا ہے نیکوں کا

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط
کافی ہے مجھ کو اللہ نہیں کوئی معبود سوائے اس کے

عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ
اسی پر بھروسہ کیا میں نے اور وہ پروردگار ہے

الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○ حَسْبِيَ
عرش عظیم کا کافی ہے مجھ

اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَيْهِ
کو اللہ نہیں کوئی معبود سوائے اس کے اسی پر بھروسہ

تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ
کیا میں نے اور وہ پروردگار ہے عرش

الْعَظِيْمِ ○ حَسْبِيَ ۳ اللّٰهُ لَآ
عظیم کا کافی ہے مجھ کو اللہ نہیں

اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ط عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَ
کوئی معبود سوائے اس کے اسی پر بھروسہ کیا میں نے اور

هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○
وہ پروردگار ہے عرش عظیم کا

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط
کافی ہے مجھ کو اللہ نہیں کوئی معبود سوائے اس کے
عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَ ھُوَ رَبُّ
اسی پر بھروسہ کیا میں نے اور وہ پروردگار ہے
الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ○ حَسْبِیَ
عرش عظیم کا کافی ہے مجھ
اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط عَلَیْہِ
کو اللہ نہیں کوئی معبود سوائے اس کے اسی پر
تَوَکَّلْتُ وَ ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ
بھروسہ کیا میں نے اور وہ پروردگار ہے عرش عظیم
الْعَظِیْمِ ○ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ
کا کافی ہے مجھ کو اللہ نہیں
اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَ
کوئی معبود سوائے اس کے اسی پر بھروسہ کیا میں نے اور
ھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ○
وہ پروردگار ہے عرش عظیم کا
حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ط
کافی ہے مجھ کو اللہ نہیں کوئی معبود سوائے اس کے
عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَ ھُوَ رَبُّ
اسی پر بھروسہ کیا میں نے اور وہ پروردگار ہے

الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○ بِسْمِ اللهِ
عرش عظیم کا اس اللہ کے نام سے
الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ
جس کے نام کے ساتھ کوئی چیز نقصان نہیں پہنچاتی
فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ
زمین میں اور نہ آسمان میں اور وہی
السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ بِسْمِ اللهِ
سننے والا جاننے والا ہے اس اللہ کے نام سے
الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ
جس کے نام کے ساتھ کوئی چیز نقصان نہیں پہنچاتی
فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ
زمین میں اور نہ آسمان میں اور وہی
السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ بِسْمِ اللهِ
سننے والا جاننے والا ہے اس اللہ کے نام سے
الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ
جس کے نام کے ساتھ کوئی چیز نقصان نہیں پہنچاتی
فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ
زمین میں اور نہ آسمان میں اور وہی
السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ○ وَلَا حَوْلَ
سننے والا جاننے والا ہے اور نہیں ہے قوت

وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○

اور نہ طاقت مگر ساتھ اللہ برتر و بزرگ کے

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

اور نہیں ہے قوت اور نہ طاقت مگر ساتھ اللہ برتر و بزرگ

الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○ وَلَا حَوْلَ

کے اور نہیں ہے قوت

وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○

اور نہ طاقت مگر ساتھ اللہ برتر و بزرگ کے

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَیْرِ خَلْقِهٖ

اور رحمت کاملہ نازل فرمائے حق تعالٰی اپنی بہترین مخلوق

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور آپ کے آل و اصحاب

اَجْمَعِیْنَ ۵ بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ

سب پر اپنی رحمت سے اے ارحم

الرَّاحِمِیْنَ ○

الراحمین

دُعائے اختتام

يَا اَللّٰهُ يَا نُوْرُ يَا حَقُّ يَا مُبِيْنُ

اے اللہ اے نور اے حق اے ظاہر کرنے والے

اَكْسُنِيْ مِنْ نُّوْرِكَ وَعَلِّمْنِيْ مِنْ

اپنے نور کا لباس مجھے پہنا اور اپنا علم مجھے سکھا

عِلْمِكَ وَفَهِّمْنِيْ عَنْكَ وَاَسْمِعْنِيْ

اور اپنی طرف سے سمجھ دے اور اپنا حکم مجھے

مِنْكَ وَاَبْصِرْنِيْ بِكَ اِنَّكَ عَلٰى

سنا اور اپنی معرفت دے بے شک تو ہر چیز

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ يَا سَمِيْعُ يَا عَلِيْمُ

پر قادر ہے اے سننے والے اے دانا

يَا حَلِيْمُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ اِسْمَعْ

اے بردبار اے برتر اے عظیم الشان اپنی

دُعَاءِيْ بِخَصَائِصِ لُطْفِكَ اٰمِيْنَ

مہربانی سے میری دعا سن آمین

اٰمِيْنَ اٰمِيْنَ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ

آمین آمین میں اللہ کے تمام

اللّٰہِ التَّامَّاتِ کُلِّھَا مِنْ شَرِّ

حکموں کے ذریعے ان تمام مخلوقات کے شر سے پناہ مانگتا ہوں

مَا خَلَقَ ؕ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ

جن کو اس نے پیدا کیا ہے پناہ مانگتا ہوں میں اللہ کے کامل

التَّامَّاتِ کُلِّھَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ؕ

احکام کے ذریعے ان تمام کے شر سے جن کو اس نے پیدا کیا ہے

یَا عَظِیْمَ السُّلْطَانِ ○ یَا قَدِیْمَ

اے عظیم الشان بادشاہ اے قدیم سے

الْاِحْسَانِ ○ یَا دَآئِمَ النِّعَمِ

احسان کرنے والے اے ہمیشہ سے نعمت دینے والے

یَا بَاسِطَ الرِّزْقِ یَا وَاسِعَ

اے رزق پیدا کرنے والے اے زیادہ عطیات

الْعَطَایَا یَا دَافِعَ الْبَلَایَا یَا

والے اور اے آفتوں کو دفع کرنے والے اے

حَاضِرًا لَّیْسَ بِغَآئِبٍ یَا مَوْجُوْدًا

غائب نہ ہونے والے حاضر اے سختیوں

عِنْدَ الشَّدَآئِدِ یَا مُجْمِلَ السِّرِّ

کے وقت مدد کرنے والے اے مجمل ستر والے

یَا خَفِیَّ اللُّطْفِ یَا لَطِیْفَ الصُّنْعِ

اے پوشیدہ مہربانی والے اے عمدہ کاریگری والے

يَا حَلِيْمًا لَّا يَعْجَلُ يَا جَوَّادًا لَّا يَبْخَلُ

ایسا بردبار جو سزا دینے میں جلدی نہیں کرتا اے بے بخل سخی

اِقْضِ حَاجَتِيْ بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ

اپنی رحمت سے میری حاجت پوری کر دے اے سب سے بڑے

الرَّاحِمِيْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ

رحم کرنے والے اے اللہ! میں تجھ سے تیرے نام کے

بِاسْمِكَ الْمَخْزُوْنِ الْمَكْنُوْنِ

وسیلہ سے سوال کرتا ہوں جو محفوظ ہے پوشیدہ ہے

السَّلَامِ الْمُنَزِّلِ الْقُدُّوْسِ

سلامت ہے نازل کرنے والا ہے پاک

الْمُطَهِّرِ الطَّاهِرِ يَا دَهْرُ يَا

پاک کرنے والا پاک تیرا نام ہے دہر

دَيْهَارُ يَا دَيْهُوْرُ يَا أَزَلُ يَا

اے وہ جس کا شروع نہیں اور جس کی

أَبَدُ يَا مَنْ لَّمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ

انتہا نہیں ہے وہ جس نے کسی کو نہ جنا اور نہ کسی سے پیدا ہوا

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا أَحَدٌ يَا مَنْ

اور نہ کائنات میں اس کی کوئی مثل ہے اے وہ جو

لَمْ يَزَلْ يَا هُوَ يَا هُوَ يَا هُوَ مَنْ

ہمیشہ سے ہے اے وہ اے وہ اے وہ جس کے سوا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يَا كَانُ يَا كَيْنَانُ

کوئی معبود نہیں اے وہ جو ہمیشہ سے تھا اور ہمیشہ سے تھا

يَا رُوْحُ يَا كَائِنُ بَعْدَ كُلِّ كَوْنٍ

اے روح اے وہ جو تھا تمام کائنات سے قبل اے وہ

اِهْيَا اَشْرَ اهْيَا اَذُوْنِیْ اَصْبَاؤُتْ

ازلی جس کو کبھی زوال نہیں ہے اے وہ دائمی جس کو کبھی فنا نہیں

يَا مُجَلِّيْ عَظَائِمِ الْاُمُوْرِ سُبْحٰنَكَ

اے سختیوں کو دور کرنے والے تو پاک ہے

عَلٰى عَفْوِكَ بَعْدَ قُدْرَتِكَ

کہ قدرت کے بعد معاف کرتا ہے

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰهُ

اگر وہ راہ راست سے پھریں تو کہہ دو کہ میرے لئے اللہ کافی ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ

جس کے سوا اور کوئی معبود نہیں ہے اس پر میرا بھروسہ ہے

وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ○

اور وہ عرش عظیم کا پیدا کرنے والا ہے

لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ ط وَهُوَ السَّمِيْعُ

جس کی مثل کوئی چیز نہیں اور وہ سب کچھ سنتا

الْعَلِيْمُ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

اور جانتا ہے اے اللہ حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا

پر اور ان کے اہل پر رحمت نازل کر جیسا کہ تو نے

صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی

رحمت نازل کی تھی حضرت ابراہیم پر اور ان

اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ

کے اہل پر یقیناً تو قابل تعریف بزرگ ہے

مَّجِیْدٌ ۝ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی

اے اللہ برکت نازل کر حضرت محمد

مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا

(صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور ان کے اہل پر جیسا کہ تو نے

بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی

برکت نازل کی تھی حضرت ابراہیم پر اور ان کے اہل

اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

پر یقیناً تو قابل تعریف بزرگ ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم ○ ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

یا حی یا قیوم

سلسلۂ اشاعت ۱۴۰
الدعوت و تبلیغ الاسلام

درود ماہی

درود ماھی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ

اے اللہ درود بھیج حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ کی

مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْخَلَائِقِ وَاَفْضَلِ الْبَشَرِ

آل پاک پر جو ساری مخلوق سے اچھے اور سب انسانوں سے افضل

وَشَفِيْعِ الْاُمَمِ يَوْمَ الْحَشْرِ وَالنَّشْرِ

ہیں۔ اور قیامت کے دن ساری امتوں کے شفیع ہیں

وَصَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ

اور صلوٰۃ بھیج ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ

آپ ص کی آل پر اپنے معلومات بے پایاں کے اندازے پر

وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰۤى اٰلِ مُحَمَّدٍ

اور درود بھیج حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ ص کی آل پر

وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ وَصَلِّ عَلٰى جَمِيْعِ

اور برکت بھیج اور سلام بھیج اور درود بھیج اپنے سب

الْاَنْبِیَآءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَصَلِّ عَلٰی کُلِّ

نبیوں اور رسولوں پر اور درود بھیج سب فرشتوں

الْمَلٰٓئِکَةِ الْمُقَرَّبِیْنَ وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ

مقربین پر اور اپنے پاکیزہ بندوں پر

الصّٰلِحِیْنَ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا

اور سلام بھیج بہت بہت سلام

بِرَحْمَتِكَ وَبِفَضْلِكَ وَبِکَرَمِكَ یَآ اَکْرَمَ

اپنی رحمت سے اپنے کرم سے اور فضل سے اے بزرگوں کے

الْاَکْرَمِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

بزرگ اپنی رحمت سے اے بڑے رحم کرنے والے

یَا قَدِیْمُ یَا دَآئِمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

اے پیدا کرنے اے ہمیشہ رہنے والے اے زندہ اے قائم رہنے والے

یَا وِتْرُ یَآ اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا مَنْ

اے اکیلے اے واحد اے بے نیاز اے وہ ذات جو

لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ

کسی کا والد نہیں اور کسی کا مولود نہیں اور اس کا کوئی

لَّهٗ کُفُوًا اَحَدٌ ○ بِرَحْمَتِكَ یَآ اَرْحَمَ

بھی بدل نہیں تیری رحمت سے اے بڑے

الرّٰحِمِیْنَ ○

رحم کرنے والے

بسم اللہ الرحمن الرحیم ○ ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

یا حی یا قیوم

اللھم صل علی سیدنا محمد النبی الامی وعلی آلہ

وسلم تسلیما کثیرا کثیرا ابدا ابدا

دعائے مستجاب

فضائل دعائے مستجاب

اس دعا کے بزرگوار کے ارشاد ہیں۔ جو کوئی ہر روز اس دعا کو پڑھے گا ... اگر ہر روز نہ پڑھ سکے تو ہفتہ میں ایک بار پڑھے، اگر ہفتہ میں بھی نہ پڑھ سکے، تو مہینے میں ایک بار پڑھے، اگر مہینے میں بھی نہ پڑھ سکے، تو عمر بھر میں ایک بار پڑھے۔ اگر پڑھ نہ سکے، تو کسی دوسرے سے پڑھوا کر سن لے۔ اگر سن بھی نہ سکے، تو اس دعا تعویذ کو اپنے پاس نگاہ رکھے۔ خداوند کریم اس بندے کے واسطے دوزخ کے دروازے بند کر دے گا۔ اور اس کے واسطے بہشت کے دروازے کھول دے گا۔ اور جو بندہ اس دعا کو پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت مانگے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کو عنایت فرمائے گا۔

دعائے مستجاب

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

سُبْحٰنَكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

پاک ہے تو اے اللہ نہیں کوئی معبود مگر تو ہی

رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ط سُبْحٰنَكَ

پروردگار ہے عرش عظیم کا پاک ہے تو

اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الرَّحْمٰنُ

اے اللہ نہیں کوئی معبود مگر تو مہربان

الرَّحِيْمُ ط سُبْحٰنَكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ

رحم والا ہے پاک ہے تو اے اللہ نہیں

اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ ط

کوئی معبود مگر تو بادشاہ پاک ہے

اور سات چیزوں سے محفوظ رکھے گا۔ (۱) فقیری سے (۲) قیامت کی تنگی سے (۳) جان کندن کی تکلیف سے (۴) منکر و نکیر کے سوالوں سے (۵) عذاب دوزخ سے (۶) دنیا کی تکلیف سے (۷) عذاب قبر سے ... [illegible]

(بقیہ صفحہ گزشتہ) میں لکھے گا۔ آدمی کے بدن میں سنتر ہزار بلائیں ہیں۔ جو کوئی اس دعا کو اپنے پاس رکھے گا۔ الٰہی ان بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔ جیسے سر کا درد، آنکھ کا درد، اور شقیقہ کا درد، کان کا درد، دانتوں کا درد، پیشانی کا درد، منہ کا درد، کمر کا درد، پہلو کا درد، ہڈیوں کا درد، سینہ کا درد، [illegible] گھٹنوں کا درد، ناف کا درد، اور ہر قسم کے درد اور دل کی تکلیفوں سے بچا رہے گا۔ اور جو بیماری کہ جوڑوں میں ہو، اور ناسور اور [illegible] ہونا اور خون کا بند ہونا [illegible] درد اور زیادہ [illegible] اور بخار سے آسیب سے دیو پری کے سایہ سے محفوظ رہے گا۔ جس کے پاس یہ دعا شریف ہوگی

سُبْحٰنَكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ
پاک ہے تو اے اللہ نہیں کوئی معبود مگر تو
الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ ط سُبْحٰنَكَ اَنْتَ
زبردست اور غالب ہے پاک ہے تو اے اللہ
اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْمُصَوِّرُ
نہیں کوئی معبود مگر تو صورت بنانے والا ہے
الْحَكِيْمُ ط سُبْحٰنَكَ اَنْتَ اللّٰهُ
حکمت والا ہے پاک ہے تو اے اللہ
لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ
نہیں کوئی معبود مگر تو سننے والا دیکھنے والا ہے
سُبْحٰنَكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ
پاک ہے تو اے اللہ نہیں کوئی معبود مگر تو
الْبَصِيْرُ الصَّادِقُ ط سُبْحٰنَكَ اَنْتَ
دیکھنے والا سچا ہے پاک ہے تو اے
اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ
اللہ نہیں کوئی معبود مگر تو زندہ قائم رہنے والا

اگر وہ بادشاہوں کی مجلس میں جائے گا تو بڑی عزت پائے گا۔ گھر میں آئے گا تو سب لوگوں کو عزیز ہوگا۔ اور سب دنیا اس کو دوست رکھے گی۔ جب اس کو دفن کریں گے تو عذاب قبر نہ ہوگا۔ بلکہ اس کی قبر فراخ ہو جائے گی۔ اور اس دعا کے بزرگوار کی برکت سے سب بلاؤں اور آفتوں سے محفوظ رہے گا۔ اور اس کی دینی و دنیاوی مشکلات آسان ہوں گی۔ خاصیت اس دعا بزرگوار کی بہت ہیں۔ لیکن مختصر طور پر لکھی گئی ہیں۔ دعائے مستجاب یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم سبحٰنک انت اللہ لا الٰہ الا انت رب العرش العظیم ۔۔۔ الخ

سُبْحٰنَكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ
پاک ہے تو اے اللہ نہیں کوئی معبود مگر
اَنْتَ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ط سُبْحٰنَكَ
تو زبردست بڑائی والا ہے پاک ہے تو
اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ
اے اللہ نہیں کوئی معبود مگر تو
الْمُبْدِئُ الْمُعِيْدُ ط سُبْحٰنَكَ اَنْتَ
پیدا کرنے والا لوٹانے والا ہے پاک ہے تو اے
اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اللَّطِيْفُ
اللہ نہیں کوئی معبود مگر تو باریک بین
الْخَبِيْرُ ط سُبْحٰنَكَ اَنْتَ اللّٰهُ
خبردار ہے پاک ہے تو اے اللہ
لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الصَّمَدُ الْمَعْبُوْدُ ط
نہیں کوئی معبود مگر تو بے نیاز معبود ہے
سُبْحٰنَكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ
پاک ہے تو اے اللہ نہیں کوئی معبود مگر
اَنْتَ الْوَاجِدُ الْمَاجِدُ الرَّحْمٰنُ
تو بڑی شان والا بڑا مہربان
الرَّحِيْمُ ○
نہایت رحم والا

بسم الله الرحمن الرحيم ○ ما شاء الله لا قوة الا بالله

یا حی یا قیوم

اللهم صل على سيدنا محمد النبي الأمي وعلى آله

وسلم تسليما كثيرا كثيرا ابدا ابدا

دعائے ماثورہ

حضرت انس بیٹے مالک رض سے روایت ہے کرتے ہیں کہ اللہ کے رسول حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی اس دعا کو پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کا ثواب پڑھنے والے کے ماں باپ کو دیں گے اور گویا کہ حق الوالدین ادا کیا اور دعائے مکرم و معظم یہ ہے الحمد للہ رب السموات والارض ... الخ

دعائے ماثورہ

دعائے بزرگوار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ

سب تعریف اللہ کے لئے ہے جو زمین و آسمان کا

الْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

مالک ہے اور وہی غالب حکمت والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَ

سب تعریف اللہ کے لئے ہے جو آسمانوں

رَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

زمینوں اور سارے جہانوں کا پروردگار ہے

وَلَهُ الْكِبْرِيَاءُ فِي السَّمٰوٰتِ

زمین و آسمان میں بڑائی تو اسی کے شایان شان

وَالْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

ہے اور وہی غالب حکمت والا ہے

وَلَهُ الْعَظَمَةُ فِي السَّمٰوٰتِ وَ

زمین و آسمان میں اسی کی عظمت ہے

الْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝

اور وہی غالب حکمت والا ہے

دعائے دیگر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ يَا نُوْرُ تَنَوَّرْتَ بِالنُّوْرِ وَ

اے اللہ اے نور تو نے اپنے نور سے ہی سب کو روشن کیا

النُّوْرُ فِيْ نُوْرِكَ يَا نُوْرُ اَللّٰهُمَّ

اور تیرے ہی نور میں نور ہے اے نور! اے اللہ، میں

بَارِكْ عَلَيْنَا وَارْفَعْنَا بَلَآءَنَا يَا

برکت عطا فرما اور ہماری بلاؤں کو ہم سے اٹھا لے اے

رَءُوْفُ لَبَّيْكَ وَارْحَمْ لَبَّيْكَ

بڑے مہربان میں سراپا حاضر ہوں مجھ پر رحم فرما میں حاضر ہوں

(باقی بر صفحہ آئندہ)

وَ اشْفَعْ لَبَّيْكَ وَ اغْفِرْ لَبَّيْكَ وَ

اور میرا وسیلہ بن جا میں حاضر ہوں اور تو مجھے بخش دے میں حاضر ہوں اور

اَكْرِمْ لَبَّيْكَ فَاِنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ

مجھے عزت دے میں حاضر ہوں بے شک اللہ قبروں سے (مردوں کو)

فِى الْقُبُوْرِ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا

ضرور زندہ کرے گا اے اللہ! ہمیں دونوں جہان میں

خَيْرَ الدَّارَيْنِ مَعَ الْقُرْبِ وَ

اپنے لطف و کرم سے بہترین اخلاص، قرب

الْاِخْلَاصِ وَ الْاِسْتِقَامَةِ بِلُطْفِكَ

اور استقامت دیجئیے عطا فرما اللہ تعالیٰ

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ

اپنی ساری خدائی کے سالار حضرت محمد صلی اللہ

مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

علیہ وسلم اور آپ کی ساری آل اور صحابہؓ کرام پر رحمتیں نازل فرمائے

وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا

اور حضور اقدس پر اے رحم کرنے والوں سے زیادہ

كَثِيْرًا كَثِيْرًا ۵ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ

رحم کرنے والے ہمیشہ بہت بہت سلام وسلام

الرَّاحِمِيْنَ ○

بھیجتا رہ

دُعائے گلوبند

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

شروع اللہ کے نام سے جو مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ انْصُرْنَا عَلٰی كُلِّ عَدُوٍّ

اے اللہ ہمیں ہر دشمن پر غالب کر دے خواہ دشمن

صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا كَانَ ذَكَرًا اَوْ

چھوٹا ہو یا بڑا ۔ مرد ہو یا

اُنْثٰى حُرًّا وَّعَبْدًا وَّ شَاهِدًا وَّ

عورت آزاد ہو یا غلام حاضر ہو یا

غَائِبًا وَّضَعِيْفًا وَّ شَرِيْفًا مُّسْلِمًا

غائب کمزور ہو یا شریف مسلمان ہو

وَّ كَافِرًا وَّ لَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ

یا کافر اور ہم پر کسی ظالم کو مسلط نہ

لَّا يَرْحَمُنَا وَ لَا يَخَافُ مِنْكَ يَآ

کر جو ہم پر رحم نہ کرتا ہو اور وہ تجھ سے خوف نہیں رکھتا اے

اَللّٰهُ يَآ اَحَدُ يَا صَمَدُ يَا رَبُّ

اللہ اے احد اے بے نیاز اے پروردگار

يَا شَكُوْرُ يَا غَفُوْرُ بِرَحْمَتِكَ

اے شکر قبول کرنے والے اے بخشنہار اپنی رحمت سے

حضرت رسالت پناہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چالیس برس گلوِ مبارک میں رکھی تھی۔ دعائے بزرگوارانہ ہے۔ اَللّٰهُمَّ انْصُرْنَا عَلٰی كُلِّ عَدُوٍّ ... الخ

أَغِثْنِيْ يَا مَنْ هُوَ يَا لَا إِلٰهَ إِلَّا

میری فریادرسی فرما اے وہ ذات کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں

هُوَ بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا

اللہ کے نام سے چلنا ہے اور اللہ کے نام سے ٹھہرنا ہے

إِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ وَصَلَّى

بے شک میرا رب بخشنے والا مہربان ہے اور اللہ

اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ

اپنی افضل مخلوق حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور آپ

وَّآلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ أَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ

کی آل پاک اور صحابہ کرام رضؓ سب پر اپنی رحمت

يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ؕ

سے صلوٰۃ بھیجے

دعائے مکرّم

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

شروع اللہ کے نام سے جو مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ يَا رَجَائِيْ يَا مَنَائِيْ يَا

اے اللہ! اے میری امید اے میرے فریادرس اے

غِيَاثِيْ يَا مُرَادِيْ يَا شِفَائِيْ يَا

میری مراد اے میری شفا اے

